شیخ الحدیث حضرت مولانا انوار الحق صاحب کے زیر صدارت مجلس تعلیمی کا ایک اہم اجلاس:

شیخ الحدیث حضرت مولانا انوار الحق صاحب کے زیر صدارت مجلس تعلیمی کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں تمام اساتذہ کرام اور مسولین حضرات نے شرکت فرمائی۔ اجلاس میں سالانہ امتحانات کے بارے میں فیصلے کئے گئے اور اسی طرح آئندہ تعلیمی سال کے داخلوں کے بارے میں بڑے بحث ومباحثہ کے بعد اہم اہم فیصلے کئے گئے جو بہت جلد منظر عام پر آجائیں گے۔

دارالعلوم کے تعلیم القرآن حقانیہ ہائی سکول کے میٹرک کے امتحانات میں سو فیصد نتائج پر مشتمل مثالی نتائج:

شیخ الاسلام حضرت مولانا حسین احمد مدنیؒ کے ہاتھوں افتتاح شدہ حقانیہ ہائی سکول (تاسیس ۱۹۳۶ء) نے اس بار میٹرک کے بورڈ کے امتحانات میں علاقہ بھر کے سکولوں میں سو فیصد نتائج حاصل کر کے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے۔ جس کا سہرا جناب پرنسپل افسر بہادر خٹک صاحب اور سکول کے تمام جید اساتذہ کرام وطلباء کو جاتا ہے۔

حضرت مولانا عبدالقیوم حقانی صاحب مدظلہ کے سسر الحاج شیر علی خان صاحب کی وفات:

گزشتہ دنوں دارالعلوم حقانیہ کے سابق مدرس ' ماہنامہ الحق کے سابق مدیر ' نامور محقق ' سینکڑوں کتابوں کے مصنف اور دارالعلوم کے قابل ناز و قابل فخر فرزند حضرت مولانا عبدالقیوم حقانی کے سسر الحاج شیر علی خان صاحب وفات پاگئے۔ موصوف علمائے کرام سے حد درجہ عقیدت ومحبت کا تعلق رکھتے تھے۔ اسی بناء پر جب کبھی بھی نوشہرہ آنا ہوتا تو دارالعلوم حقانیہ ضرور تشریف لاتے۔ ابتداء ہی سے اُن کا تعلق کلاچی کی مشہور علمی وروحانی خاندان خصوصاً مولانا قاضی عبدالکریم کلاچوی وغیرہ سے رہا۔ حفظ قرآن سمیت تمام علمی استفادہ اِسی گھرانے سے کیا۔ مرحوم بہت عرصہ سے صاحب فراش تھے اور بلآخر وفات پاگئے۔ اللہ تعالیٰ اُن کی مغفرت فرمائے اور جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام سے نوازے۔ ادارہ مولانا عبدالقیوم حقانی ' مولانا قاسم حقانی ' مولانا طیب و حافظ طاہر صاحب اور جامعہ ابو ہریرہؓ کے ساتھ دلی تعزیت کرتا ہے۔

دارالعلوم کے مخلص ساتھی جناب عبدالحق صاحبؒ کی رحلت:

دارالعلوم کے مخلص ساتھی اور خاندان حقانیہ کے دیرینہ تعلق رکھنے والے خاندان کے اہم ترین فرد جناب عبدالحق صاحبؒ ۹ راپریل ۲۱۰۳ کو وفات پاگئے۔ مرحوم حضرت مولانا قاضی محمد نسیم حقانی کے چھوٹے بھائی تھے۔ دارالعلوم حقانیہ کے اساتذہ کرام اور حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ وحضرت مولانا انوار الحق صاحب مدظلہ نے پیر پیائی جا کر تعزیت کی۔ ادارہ اُن کے خاندان جس کے تقریباً ایک درجن کے لگ بھگ افراد دارالعلوم حقانیہ سے فارغ التحصیل اور وابستگی رکھتے ہیں ' سے دلی تعزیت کرتا ہے۔